روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 24 دسمبر 2008ء 25 ذوالحج 1429 ہجری 24 فتح 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 290

ایک تہائی قرآن

حضرت ابودرداءؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا تم میں سے کوئی اس بات سے عاجز ہے کہ ایک رات میں ایک تہائی قرآن پڑھ لے۔ صحابہ نے کہا یا رسول اللہ کس طرح؟ آپ نے فرمایا سورۃ اخلاص ایک تہائی قرآن کے برابر ہے۔

ایک بار رسول اللہؐ نے صحابہ سے فرمایا کہ میں تمہیں قرآن کا تہائی حصہ سناؤں گا اور پھر سورۃ اخلاص سنائی۔

(صحیح مسلم کتاب صلوٰۃ المسافرین باب فضل قل ھواللّٰہ احد حدیث نمبر 1344، 1346)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

قرآن مجید کی خوبیوں کے بارہ میں حضور فرماتے ہیں۔

1۔ یہ کہ وہ بے مثل و مانند ہے۔

2۔ وہ جامع حکمت مع کمال ایجاز واختصار ہے۔

3۔ وہ لاکھوں آدمیوں کو حفظ ہے اور حفظ کرنا اس کا ہماری شرع میں فرض کفایہ ہے۔ اس واسطے کوئی زمانہ حفظ قرآن مجید سے خالی نہ ہوا۔ اول میں حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو حفظ تھا۔ پھر بعد اس کے حضرت علیؓ اور اکثر صحابہ کو حفظ تھا اسی طرح سلسلہ وار اس کے حفظ کا نمبر چلا آیا ہے یہاں تک کہ ہم تک پہنچا۔

4۔ چہارم یہ کتنا بڑا معجزہ ہے کہ کوئی صفحہ اس کا ذکر اللہ سے خالی نہیں دوسری کتاب میں ہرگز یہ خوبی نہیں یہ قرآن مجید کا معجزہ ہے۔ باوجود اس بات کے کہ قرآن مجید ایک قانون دیوانی و فوجداری ہے پھر بھی اس میں کوئی ایسا کلمہ نہیں کہ جس میں دوچار مرتبہ خدا کا نام نہیں ہے اول سے لے کر آخر تک اللہ ہی اللہ بھرا ہوا ہے اور ہر ایک کلمہ کا مرجع خدا ہے۔

5۔ پنجم خوبی قرآن مجید میں یہ ہے کہ جس قدر نام پروردگار کا قرآن مجید میں ہے کسی کتاب میں نہیں اور بقول من احب شیئًا اکثر ذکرہ اس کلام کا خدا سے علاقہ محبت ثابت ہوتا ہے اس واسطے اس تمام کلام میں اللہ ہی اللہ بھرا ہوا ہے۔ کسی عاقل پر پوشیدہ نہیں کہ بہت مرتبہ نام لینا اپنے پروردگار کا یہ بھی ایک بندگی ہے اور یہ بندگی صرف بطفیل قرآن مجید حاصل ہوئی ہے۔

6۔ ششم خوبی قرآن مجید میں یہ ہے کہ جس قدر ستائش اور تعریف خدا تعالیٰ کی بانواع محامد و بکثرت تکرار اس کتاب میں ہے دنیا میں اور کسی کتاب میں نہیں اور ظاہر ہے کہ خدا تعالیٰ کامل اور سب تعریفوں کا مالک اور اہل ہے اور بالذات اپنی تعریفوں کو چاہتا ہے اور اپنا عظمت وجلال ظاہر کرنا چاہتا ہے پس جس کتاب الٰہی میں بدرجہ غایت اس کے محامد مذکور ہیں وہی اس کی افضل کلام ہے اور اس امر پر اگر کوئی مقابلہ کرے تو ہم اشتہار دے سکتے ہیں کہ جس قدر ستائش اور بزرگی حضرت باری کی قرآن مجید میں مذکور ہے اور کسی کتاب میں مذکور نہیں۔

7۔ ہفتم۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے قل لئن .... اس آیت شریفہ سے یہ امر بھی متعلق ہے کہ تعلیم حقہ حکمت اور معانی میں کوئی انسانی تعلیم قرآن کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ ہم باوا صاحب سے سوال کرتے ہیں کہ اگر ان کو قرآن مجید سے انکار ہے تو اس مضمون کی مثل کوئی دوسرا مضمون وید سے نقل کر کے پیش کرو۔

(الحکم 30/ اپریل 1904ء)

موصی کا پہلا اور آخری فرض

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے موصیان کو مخاطب کرتے ہوئے ایک خطبہ جمعہ میں فرمایا:۔

قرآن کریم کے انوار کی اشاعت کرنا ہر موصی کا بحیثیت فرد اور اب موصیوں کی مجلس کا بحیثیت مجلس پہلا اور آخری فرض ہے اور اس بات کی نگرانی کرنا کہ وقف عارضی کی سکیم کے ماتحت زیادہ سے زیادہ موصی اصحاب اور ان کی تحریک پر وہ لوگ حصہ لیں جنہوں نے ابھی تک وصیت نہیں کی۔ اور ان پر یہ فرض ہے کہ پہلے وہ اپنے گھر سے یہ کام شروع کریں۔ حتیٰ کہ ان کے گھر میں کوئی مرد کوئی عورت کوئی بچہ یا کوئی دیگر فرد جو ان کے اثر کے نیچے ہو یا ان کے پاس رہتا ہو ایسا نہ رہے کہ جسے قرآن نہ آتا ہو پہلے ناظرہ پڑھنا سکھانا ہے پھر ترجمہ سکھانا ہے پھر قرآن کریم کے معانی پھر اس کے علوم اور اس کی حکمتوں سے آگاہ کرنا ہے۔

(مطبوعہ الفضل 10۔ اگست 1966ء)

(ایڈیشنل نظارت تعلیم القرآن)

سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی آمد

مکرم ڈاکٹر میر مقبول احمد صاحب ماہر امراض گردہ اور بلڈ پریشر امریکہ سے تشریف لا رہے ہیں وہ مورخہ 29 اور 30 دسمبر 2008ء کو فضل عمر ہسپتال میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔

مکرم ڈاکٹر حامد عزیز الرحمٰن صاحب ماہر امراض معدہ وجگر امریکہ سے تشریف لا رہے ہیں وہ مورخہ 2 تا 6 جنوری 2009ء فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔

مکرم ڈاکٹر عطاء الرحمٰن معاذ صاحب چائلڈ سپیشلسٹ مورخہ 3 اور 4 جنوری 2009ء کو فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ مریضوں کا معائنہ زبیدہ بانی ونگ میں ہوگا۔

احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ وہ ان کی خدمات سے استفادہ کیلئے ہسپتال تشریف لائیں اور پرچی روم سے اپنی رجسٹریشن کروا لیں اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

تعارف کتب

خلافت احمدیہ

نام کتاب: خلافت احمدیہ
مصنف: مکرم مجیب الرحمٰن صاحب ایڈووکیٹ
ناشر: عبدالمنان کوثر
صفحات: 195

مجلس انصاراللہ پاکستان نے خلافت احمدیہ جوبلی کے سال میں ایک اور کتاب شائع کرنے کی سعادت پائی ہے۔ جس کا نام خلافت احمدیہ ہے۔ اس کتاب کا عنوان ہی اس کے مواد کی غمازی کر رہا ہے۔ اس کتاب کے تعارف میں مصنف خود تحریر کرتے ہیں کہ

سورۃ نور کی آیت استخلاف کا حقیقی مفہوم کیا ہے۔ اس آیت کے مطابق خلافت کیا ہے اور اس کا منصب، مقام اور مقاصد کیا ہیں ۔ جماعت احمدیہ نقطۂ نظر، منصب خلافت ، انتخاب خلافت ، خلافت اور شوریٰ خلافت وسیاست اور دیگر متعلقہ مباحث اس کتاب کے بنیادی موضوعات ہیں۔

اس کتاب کو 15 ابواب کی شکل میں تشکیل دیا گیا ہے۔ پہلے باب میں حضرت ابوبکرؓ سے خلافت عثمانیہ کے حالات وواقعات اور ضرورت خلافت دوسرے و تیسرے باب میں مقام ومنصب خلافت، چوتھے باب میں قیام خلافت کی پیشگوئیاں ، پانچویں میں خلیفہ خدا بناتا ہے، چھٹے، ساتویں اور آٹھویں باب میں خلافت کی تاریخ ، نویں باب میں قدرت ثانیہ کے ظہور ، دسویں باب میں انتخاب خلافت نیز دعا اور خواب کا اس سے تعلق ، گیارہویں باب میں خلافت اور شوریٰ بارھویں باب میں خلیفہ اور انجمن کے عنوان کے تحت خلافت اولیٰ میں اٹھنے والے فتنہ، تیرھویں باب میں خلیفہ اور جماعت کے عنوان کے تحت خلیفۃ المسیح کی جماعت سے بے پناہ محبت اور جماعت کی اطاعت خلیفہ اور چودھویں باب میں خلافت اور حکومت کے مسائل پر قرآن، احادیث، اسلاف کا بیان، حضرت مسیح موعود اور خلفاء احمدیت کے ارشادات کی روشنی میں مدلل بحث کی ہے۔

اور پندرھویں باب میں اس صدی کے اختتام پر ہماری ذمہ داریوں کے متعلق توجہ دلائی گئی ہے۔ نیز ایک تجربہ کار وکیل کے طور پر تمام بحث کا نچوڑ اختصار کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ مصنف لکھتا ہے۔

”صدی کے موڑ پر پھر جب ہم پلٹ کر جریدۂ عالم پر ابھرنے والے جماعت احمدیہ اور خلافت احمدیہ کے نقوش پر نظر ڈالتے ہیں تو دیکھتے ہیں کہ خلافت احمدیہ کوئی گدی نہیں، کسی انجمن یا سوسائٹی کی صدارت یا کسی سیاسی یا خودساختہ دینی جماعت کی سربراہی نہیں اور نہ ہی نسلاً یا وراثتاً منتقل ہوتی ہے اور نہ کوئی سیاسی مقاصد اور اہداف رکھتی ہے۔“ (صفحہ 175)

خلافت احمدیہ ایک نعمت ربانی ہے۔ جو خدا تعالیٰ اعمال صالحہ اور کامل اطاعت کا نمونہ دکھانے والے مومنین کی جماعت کو عطا کرتا ہے مگر یہ کلیتاً خدا تعالیٰ کا انعام ہوتا ہے اور وہ اپنے ہی منتخب شدہ بندے کو خلیفہ بناتا ہے۔ حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں۔

”گو خلیفہ کا تقرر انتخاب کے ذریعہ سے ہوتا ہے لیکن یہ آیت نص صریح کے طور پر اس امر پر دلالت کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ امت کو اپنے فیصلہ کا اس امر میں ذریعہ بناتا ہے اور اس کے دماغ کو خاص طور پر روشنی بخشتا ہے لیکن مقرر اصل میں اللہ تعالیٰ ہی کرتا ہے۔ چنانچہ فرماتا ہے، **لیستخلفنھم** کہ وہ خود ان کو خلیفہ بنائے گا پس گو خلفاء کا انتخاب مومنوں کے ذریعہ سے ہوتا ہے لیکن اللہ تعالیٰ کا الہام لوگوں کے دلوں کو اصل حقدار کی طرف متوجہ کر دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ بتاتا ہے کہ ایسے خلفاء میں میں فلاں فلاں خصوصیات پیدا کر دیتا ہوں اور یہ خلفاء ایک انعام الٰہی ہوتے ہیں۔“
(تفسیر کبیر جلد 6 صفحہ 391)

آیت استخلاف کی روشنی میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع خلیفہ وقت اور جماعت احمدیہ کے تعلق کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

”اس آیت میں ساری جماعت ہی خلیفۃ اللہ بن جاتی ہے اور ہر وہ شخص جو خلافت پر ایمان رکھتا ہے اور عمل صالح کرتا ہے یہ آیت اس کو بتاتی ہے کہ تم اس دنیا میں اللہ کے خلیفہ ہو اور من حیث الجماعت یہ خلافت مرتکز ہو جاتی ہے ایک ذات میں جس کو ہم خلیفۃ المسیح کہتے ہیں ۔ پس اس آیت میں انتشار بھی ہے اور ارتکاز بھی ہے۔“
(رپورٹ مجلس مشاورت 1984ء صفحہ 237)

خلافت کے تعلق میں زیر بحث آنے والے تمام امور ومواضیع پر اختصار کے ساتھ کلام کیا گیا ہے لیکن یہ اختصار قطعاً ایسا نہیں جو مفہوم کو مبہم کرنے والا ہو۔ مصنف کتاب ہذا اپنے پیشہ وکالت اور جماعتی خدمات میں معروف ہیں۔ اگر اختصار میں علم کلام اور زبان پر گرفت ہو تو یہی بہتر انداز خطابت و کتابت ہے۔ چنانچہ اس اختصار کے باوجود اس کتاب میں جماعت احمدیہ کے خلافت کے متعلق واضح اور بین عقائد کو اس طرح بیان کر دیا گیا ہے کہ کسی بھی تحقیق کرنے والے کیلئے راہیں معین ہو جاتی ہیں اور حق وصداقت کو پہچاننا آسان ہو جاتا ہے۔

جوبلی کے سال میں اس موضوع پر ایسی کتاب شائع کرنے پر مجلس انصاراللہ پاکستان بھی مبارکباد کی مستحق ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کتاب کی اشاعت میں تعاون کرنے والے تمام افراد کی اس کوشش اور خدمت کو قبول فرمائے اور احمدیوں کو اس سے بہتر رنگ میں فائدہ اٹھانے کی توفیق دے۔ آمین

(ایم۔ آر۔ طاہر)

دو روزہ سالانہ تربیتی پروگرام

مجلس انصاراللہ مقامی۔ ربوہ

محض اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم کے ساتھ مجلس انصاراللہ مقامی ربوہ نے مورخہ 28 اور 29 نومبر 2008ء کو اپنا سالانہ دوروزہ تربیتی پروگرام جدید جلسہ گاہ اور لیڈیز پارک بیوت الحمد میں منعقد کیا۔

ورزشی مقابلہ جات

مورخہ 28 نومبر کو جدید جلسہ گاہ میں درج ذیل ورزشی مقابلہ جات منعقد کروائے گئے۔

☆ سائیکل ریس میں 24 محلّہ جات سے 75 انصار نے شرکت کی۔

☆ 100 میٹر دوڑ میں 25 محلّہ جات سے 37 انصار نے شمولیت کی۔

مورخہ 29 نومبر کو تربیتی اجلاسات کے دوران درج ذیل مقابلہ جات منعقد ہوئے۔

☆ رسہ کشی کا مقابلہ صدر، رحمت، ناصر اور طاہر بلاکس پر مشتمل اے ٹیم کا علوم، نصر اور یمن بلاکس پر مشتمل بی ٹیم کے درمیان ہوا جو کہ اے ٹیم نے زبردست مقابلے کے بعد جیت لیا۔

☆ کلائی پکڑنے کا مقابلہ ہوا۔

☆ رسہ کشی کا ایک نمائشی میچ منتظمین اور بلاک لیڈران کی ٹیم کا زعماء محلّہ جات کی ٹیم کے درمیان ہوا جو کہ منتظمین و بلاک لیڈران نے دلچسپ مقابلے کے بعد جیت لیا۔

☆ کلائی پکڑنے کا بھی ایک نمائشی میچ ہوا جس میں 80 سال سے زائد عمر کے انصار نے شرکت کی اس نہایت دلچسپ مقابلے سے تربیتی پروگرام میں شامل تمام انصار بہت محظوظ ہوئے۔

تربیتی پروگرام

تربیتی پروگرام کے دو اجلاسات ہوئے۔ ان کیلئے بیوت الحمد لیڈیز پارک میں ایک خوبصورت سٹیج بنایا گیا۔ انصار بھائیوں کے لئے احاطہ کے اطراف میں کرسیاں اور درمیان میں دریوں پر بیٹھنے کا انتظام کیا گیا تھا۔ جبکہ دوسرے حصہ میں کھیلوں اور کھانے کا انتظام کیا گیا تھا۔

افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب صدر مجلس انصاراللہ پاکستان تھے اس بابرکت تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا عہد اور نظم کے بعد محترم مہمان خصوصی نے افتتاحی خطاب فرمایا۔

آپ نے حضرت خلیفۃ المسیح الاول اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی رہنے، اطاعت امام، ہمدردی خلق، صلہ رحمی، اپنوں اور غیروں سے حسن سلوک، قبولیت دعا، خدام سے شفقت کے نہایت ایمان افروز واقعات سبق آموز اور دلچسپ انداز میں سنائے۔ آپ کی یہ روح پرور تقریر حاضرین بہت انہماک اور دلجمعی سے ڈیڑھ گھنٹے تک سنتے رہے۔ افتتاحی خطاب کے بعد دعا ہوئی جس کے بعد چائے اور ورزشی مقابلہ جات کے لئے وقفہ ہوا۔

اختتامی تقریب محترم اللہ بخش صادق صاحب صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ ربوہ کی زیر صدارت منعقد ہوئی ۔ تلاوت و نظم کے بعد مکرم مبارک طاہر صاحب قائد تربیت مجلس انصاراللہ پاکستان نے خلافت اور ہماری ذمہ داریاں کے موضوع پر تقریر کی ۔

بعد ازاں مکرم خالد محمود سدھو صاحب ایڈیشنل منتظم ذہانت وصحت جسمانی نے ورزشی مقابلہ جات کی رپورٹ پیش کی اور مہمان خصوصی نے پوزیشن پانے والے انصار میں انعامات تقسیم فرمائے۔

اختتامی خطاب میں صدر صاحب عمومی نے انصار کو نیکیوں کی تلقین کرنے اور ماحول میں پیدا ہونے والی برائیوں کو روکنے کی اہم ذمہ داری کی طرف توجہ دلائی۔

آخر میں محترم نصیر احمد چوہدری صاحب زعیم اعلیٰ مجلس انصاراللہ مقامی ربوہ نے بعض انتظامی امور کی طرف توجہ دلائی اور تمام انصار، زعماء اور بلاک لیڈران کا شکریہ ادا کیا۔

پروگرام کے اختتام پر محترم مہمان خصوصی نے دعا کروائی ۔ دعا کے بعد نماز ظہر وعصر جمع کر کے ادا کی گئیں اور سب کی خدمت میں ظہرانہ پیش کیا گیا۔ جس کے ساتھ یہ دوروزہ سالانہ تربیتی پروگرام بخیر وعافیت اور بخوبی اختتام پذیر ہو گیا۔

اس پروگرام میں 2400 سے زائد انصار نے شرکت کی۔

☆......☆......☆

نمایاں کامیابی

محترمہ فرخندہ محمود صاحبہ نگران اصلاح وارشاد لجنہ اماء اللہ ضلع لاہور تحریر کرتی ہیں۔

میرے بیٹے عزیزم ثاقب محمود نے فرسٹ پروفیشنل ایم بی بی ایس پارٹ ون کے امتحان میں محض خدا تعالیٰ کے فضل وکرم سے اپنے میڈیکل کالج میں 550 میں سے 426 نمبر حاصل کر کے اول پوزیشن اور Anotomy کے پیپر میں Destinction حاصل کی ہے۔ احباب کرام سے بچے کے آئندہ نمایاں کامیابیوں اور دینی و دنیاوی ترقیات کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

☆......☆......☆

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

4

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ بھارت

جماعت احمدیہ کالی کٹ کا حضور انور کے اعزاز میں استقبالیہ، حضور انور کا خطاب اور میڈیا کوریج

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

27 نومبر 2008ء

صبح ساڑھے پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنی رہائش گاہ کے بیرونی لان میں تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

صبح حضور انور نے دفتری ڈاک ملاحظہ فرمائی اور مختلف دفتری امور کی انجام دہی میں مصروفیت رہی۔

آج نماز ظہر و عصر کی ادائیگی کا انتظام بھی رہائش گاہ کے بیرونی لان میں کیا گیا تھا۔ جہاں ڈیڑھ بجے دوپہر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تشریف لا کر ظہر و عصر کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی قیام گاہ پر تشریف لے گئے۔

پچھلے پہر بھی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دفتری ڈاک ملاحظہ فرمائی اور مختلف دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف رہے۔

بیت القدوس میں آمد

پونے سات بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ سے احمدیہ بیت الذکر کالی کٹ بیت القدوس کے لئے روانہ ہوئے جہاں سات بجے حضور انور نے نماز مغرب و عشاء جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد کچھ دیر کے لئے حضور انور اپنے دفتر تشریف لے گئے۔ اس دوران حضور انور نے بیت کی بالائی منزل کا بھی معائنہ فرمایا۔

پروگرام کے مطابق یہاں سے سوا سات بجے ہوٹل گیٹ وے (Gateway) کے لئے روانگی ہوئی جہاں جماعت احمدیہ کالی کٹ (کیرالہ) نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اعزاز میں ایک استقبالیہ (Reception) کا اہتمام کیا تھا۔

استقبالیہ

اس استقبالیہ تقریب میں اڑھائی صد کے قریب مہمان شامل ہوئے۔ جن میں کالی کٹ کے میئر، BJP کے لیڈر (سابق مرکزی وزیر)، سری گوپال کرشن چیف ایڈیٹر اخبار Mathrubhumi، ادیب حضرات، پروفیسرز، ڈاکٹرز، مختلف اخبارات کے ایڈیٹرز، جرنلسٹس، سیاسی و سماجی لیڈرز اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے مہمان حضرات شامل تھے۔

آٹھ بجے تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ بعد ازاں عبدالرحمٰن کویا صاحب امیر جماعت کالی کٹ نے استقبالیہ ایڈریس پیش کیا اور مہمانوں کا تعارف کروایا۔

بعد ازاں کالی کٹ کے میئر نے اپنا ایڈریس پیش کرتے ہوئے کہا کہ خلیفۃ المسیح باوجود پاکستانی ہونے کے دنیا کے 193 ممالک میں پھیلی ہوئی جماعت کے روحانی سربراہ ہیں۔ ہندوستان کو اور خاص کر کالی کٹ کو یہ فخر حاصل ہے کہ یہاں اتنی عظیم اور اہم شخصیت کا استقبال کیا جا رہا ہے۔ ہندوستان مختلف مذاہب کی آماجگاہ ہے جہاں پیار و محبت، رواداری کا پیغام ہر طرف نظر آتا ہے۔ ایک دفعہ پھر میں خلوص دل کے ساتھ آپ کی خدمت میں خوش آمدید کہنے کا شرف حاصل کر رہا ہوں۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطاب فرمایا۔

حضور انور کا خطاب

حضور انور نے تشہد و تعوذ کے بعد فرمایا:۔

آج اس پروگرام میں شامل ہونے والے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ آپ سب کا یہاں آنا اس بات کو ثابت کرتا ہے کہ آپ کو دوسروں کا احترام ہے اور دوسروں کے احساسات اور جذبات کا خیال رکھتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا آجکل دنیا میں زیادہ لوگوں کو اپنے آپ کا ہی فکر ہے۔ اپنے مفادات کا ہی خیال ہے اور دوسروں کی پرواہ نہیں کہ ان کے حقوق ادا ہوں۔ کسی معاشرہ میں دلوں کو جیتنا اور محبت، بھائی چارہ کی فضا قائم کرنا بہت مشکل کام ہے۔ معاشرہ اور سوسائٹی میں انفرادی طور سے لے کر گروپس تک، چھوٹے لیول سے لے کر بڑے لیول تک لوگ ایک دوسرے سے مشکوک رہتے ہیں۔ بعض، بعض دوسروں کو شک کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معاشرہ میں، دنیا میں فساد پیدا ہوتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا ایک طرف تو ہمارا یہ دعویٰ ہے کہ ہم سب سے زیادہ مہذب اور تعلیم یافتہ ہیں جبکہ دوسری طرف ہمارا رواداری اور بھائی چارے کا معیار پہلے سے بھی کم ہے۔ لالچ ہر چیز کو سمیٹ رہی ہے، بجائے اس کے کہ جو ہمارے پاس ہے ہم اس پر انحصار کرتے اور مطمئن رہتے، ہماری نظریں دوسروں کی جائیدادوں اور مال و دولت پر لگی ہوئی ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ یہ بات بہت ضروری ہے کہ ہمیشہ دوسروں کے حقوق ادا کئے جائیں اور دوسرے کے مذاہب کا احترام کیا جائے اور حوصلہ اور بردباری کا مظاہرہ کیا جائے اور خدا تعالیٰ نے ہمیں جو بھی وسائل مہیا فرمائے ہیں ان کو قوم کی بہتری اور مفاد میں استعمال کیا جائے۔

حضور انور نے فرمایا کہ یہاں ہندوستان میں مذاہب نے ہمیشہ ایک اہم رول ادا کیا ہے۔ قریباً تمام مذاہب اس ملک میں نمائندگی رکھتے ہیں۔ خصوصی طور پر اس ساؤتھ ریجن میں بھی۔ یہاں مختلف مذاہب کے ماننے والے ایک دوسرے کے ساتھ رہتے ہیں۔ اس بھائی چارہ اور رواداری کے ماحول کو قائم رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ خود غرض اور اپنے مفاد کے حصول کے لئے دوسروں کے حقوق غصب کرنے والوں سے بچا جائے۔ خدا تعالیٰ نے جو علم اور حکمت عطا فرمائی ہے تو اس کو معاشرہ میں، سوسائٹی میں امن و صلح کے قیام کے لئے استعمال کیا جائے۔

حضور انور نے فرمایا کہ غانا میں قیام کے دوران ایک غانین دوست سے بات چیت مجھے یاد ہے اس وقت میرے پاس کیرالہ کے ایک دوست بھی موجود تھے۔ غانین دوست نے مجھ سے پوچھا کہ انڈین اور پاکستانی میں کتنا فرق ہے۔ قبل اس کے کہ میں جواب دیتا کیرالہ انڈیا کے دوست بولے کہ صرف جغرافیائی فرق ہے ورنہ ہم ایک ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ ہمارا یہ ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ نے دنیا کے ہر خطہ میں اپنے انبیاء بھیجے ہیں۔ تمام انبیاء نے اپنے اپنے علاقہ میں اپنی اپنی قوم کو خدا تعالیٰ کا پیغام پہنچایا اور پھر بالآخر اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کو مبعوث فرمایا جو کامل تعلیم لے کر آئے۔

پھر حضرت مرزا غلام احمد صاحب مسیح موعود مبعوث ہوئے تا کہ مخلوق خدا کو اپنے پیدا کرنے والے کی طرف واپس لائیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ قرآن کریم کی یہ تعلیم ہے کہ لا اکراہ ...... کہ دین میں کوئی جبر نہیں۔ ہم جو پیغام پہنچا رہے ہیں وہ محبت و پیار کے ساتھ پہنچا رہے ہیں نہ کہ کسی طاقت سے۔ اگر کوئی شخص ہمارے پیغام کو سنتا ہے اور قبول نہیں کرتا تو یہ اس کا اور خدا کا معاملہ ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ آجکل کے زمانے میں ایک Issue یہ بھی ہے کہ مغربی دنیا کے بعض گروپس آنحضرت ﷺ کی شان میں گستاخی کر کے اور نازیبا بیانات دے کر مسلمانوں کو غصہ دلاتے ہیں۔ مغربی ممالک میں عمومی طور پر رواداری اور بھائی چارہ کی فضا ہے لیکن اس مذاق اور استہزاء کو لازمی طور پر روکنا ہوگا۔ اگر ایک آدمی کسی دوسرے کے باپ کے خلاف کوئی بری بات کہے تو یقیناً وہ آدمی جس کے باپ کو برا کہا گیا ہے ری ایکشن دکھائے گا۔ کسی ردعمل کا اظہار کرے گا۔

حضور انور نے فرمایا ہم احمدی تمام انبیاء پر ایمان لاتے ہیں اور ہر ایک کی عزت و احترام کرتے ہیں اور کسی ایک کی شان کے خلاف ایک لفظ بھی نہیں کہتے۔

حضرت مسیح موعود نے ہمیں یہ تعلیم دی ہے کہ اگر ایسا موقع آئے کہ ہمارے آقا اور ہمارے دین کے بارہ میں نازیبا کلمات کہے جائیں، استہزاء کیا جائے تو ہم نے کیا اور کس ردعمل کا اظہار کرنا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ ایسے مواقع پر انسان اس مجلس سے اٹھ جائے جہاں ایسی بات ہو رہی ہے اور یہ وہی تعلیم ہے جو ہمیں قرآن کریم نے بھی دی ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ ہمیں یہ یاد رکھنا چاہئے کہ ہم ہمیشہ ناراض نہیں رہ سکتے۔ قرآن کریم نے یہ بھی فرمایا ہے کہ جو اچھی باتیں ہیں ان کے بارہ میں گفتگو میں شامل ہونا چاہئے اور ضرور حصہ لینا چاہئے۔ کوئی یہ نہ سمجھے کہ چونکہ دعوت کسی عیسائی، بدھسٹ، ہندو یا کسی اور مذہب والے کی طرف سے ہے اس لئے اس کو قبول نہ کیا جائے۔ آنحضرت ﷺ نے تو یہ بھی فرمایا ہے اور ہمیں تعلیم دی ہے کہ ہمیں جہاں سے بھی اچھی بات ملے کوئی اچھا مشورہ ملے تو ہمیں اسے اختیار کرنے میں کوئی انقباض نہیں ہونا چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا کہ جو لوگ اسلام کی ابتدائی تاریخ سے واقف ہیں وہ اس بات پر حیران ہوں گے کہ شدید مظالم کے باوجود یہ تعلیم دی گئی کہ کسی ظلم کے خلاف اس جیسا کوئی ردعمل نہیں دکھانا۔

اسلام قبول کرنے والوں کو ننگے جسم گرم ریت پر لٹا دیا جاتا اور ان کے سینے پر گرم پتھر رکھ دیئے جاتے۔ مسلمانوں کو مارا جاتا، بعضوں کے جسم دو اونٹوں کے ساتھ باندھ دیئے جاتے اور ان اونٹوں کو مخالف سمت دوڑایا جاتا۔ ان شدید مظالم کے باوجود یہی تعلیم دی گئی کہ ان مظالم پر صبر کیا جائے اور صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا جائے۔

جب آنحضرت ﷺ نے مکہ فتح کیا تو آپؐ نے سب کو معاف فرما دیا اور یہ حکم دیا کہ کسی کو بھی مسلمان بنانے کے لئے ہرگز تلوار نہیں اٹھائی جائے گی کیونکہ یہ بات انصاف کے خلاف ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ عرب دنیا میں لڑائی سال ہا سال تک جاری رہتی تھی۔ اسلام نے آ کر یہ تعلیم دی کہ معاف کیا جائے اور جو پہلے کی ناراضگیاں اور نفرتیں ہیں ان کو ختم کیا جائے۔ اس بات میں کوئی شک نہیں

کہ ایسا کرنا بہت مشکل تھا لیکن آنحضرت ﷺ نے اپنے عملی نمونہ سے اس کی مثالیں قائم کیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ جو بھی نیکیوں کے کام ہیں، اچھے کام ہیں ان میں لازمی دوسروں کے ساتھ تعاون کرو۔ اپنے آپ کو بڑا سمجھنے اور تکبر کرنے سے بچا جائے۔ ایک دوسرے کے احساسات کا خیال رکھا جائے۔ مسلمان، عیسائی اور ہندو لازمی طور پر اس اصول پر عمل کریں۔ مجھے اس بات سے بہت خوشی ہوئی ہے کہ اس شہر اور صوبہ کے لوگوں کی بہت بڑی تعداد ان اصولوں پر عمل پیرا ہے۔ معاشرہ میں ہر مرحلہ پر امن کے قیام کے لئے ایسا کرنا ضروری ہے۔ بعض NGO's اس بارہ میں کام کررہی ہیں اور بعض حکومتیں بھی یہ دعویٰ کرتی ہیں کہ وہ ایسا کررہی ہیں۔ ان کو لازمی طور پر اپنی کوشش میں مخلص ہونا چاہئے۔

اگر ہم آج امن کے قیام کے لئے کوشش نہیں کریں گے تو آئندہ آنے والے سالوں میں ہماری نسلیں ان ابتر حالات پر روئیں گی۔ آجکل جو دنیا میں تباہ کن ہتھیار مہیا ہیں۔ اگر یہ استعمال کر لئے جائیں تو جو تباہی و بربادی ہوگی وہ ہمارے تصور سے بھی بالا ہے۔ پس ہمیں اپنی مستقبل کی نسلوں کو بچانے کے لئے لازمی کوئی قدم اٹھانا چاہئے اور ہر شخص انفرادی طور پر بھی اس میں اپنا کردار اور رول ادا کرے۔

خطاب کے آخر پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ایک بار پھر تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور خطاب کے اختتام پر دعا کروائی۔

بعد ازاں مہمانوں کی خدمت میں کھانا پیش کیا۔

کھانے کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مہمانوں کو تحائف عطا فرمائے۔ مختلف مہمانوں نے باری باری حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ مہمان باری باری حضور کے پاس تشریف لاتے اور شرف مصافحہ حاصل کرتے اور حضور انور ان سے گفتگو فرماتے ساتھ ساتھ تصاویر بھی بنائی جارہی تھیں۔ مختلف اخبارات کے نمائندے اور جرنلسٹس اپنی اپنی رپورٹ تیار کرنے میں مصروف تھے۔

تقریب عشائیہ کا یہ پروگرام رات ساڑھے نو بجے تک جاری رہا۔ بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ہوٹل گیٹ وے (Gateway) سے پولیس کے Escort میں روانہ ہو کر اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے آئے۔

میڈیا کوریج

ملیالم زبان کے اخبار روزنامہ Mathrubhumi کیرالہ نے اپنی 27 نومبر 2008ء کی اشاعت میں لکھا۔

عورتیں اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔
مرزا مسرور احمد

احمدیہ...... خلیفہ نے فرمایا کہ عورتیں اور بچیاں اپنی اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے میں کوشاں رہیں۔ کالی کٹ احمدیہ...... مشن کے قرب میں منعقدہ مستورات کے جلسے کا آپ افتتاح فرما رہے تھے۔ جماعت احمدیہ کے روحانی راہنما نے اپنے خطاب میں فرمایا کہ حضرت نبی کریم ﷺ نے عورتوں سے تین باتوں پر بیعت لی تھی۔ ایک شرک نہیں کریں گی۔ دوم بچوں کو قتل نہیں کریں گی۔ سوم رسول کے تمام حکموں کی پابندی کریں گی اور نافرمانی نہیں کریں گی۔ بچوں کو قتل نہ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ بچوں کو گمراہی کی راہ میں نہیں ڈالیں گی اور بداخلاقی کے رجحانات ان میں پیدا نہیں کریں گی۔ ماں کی سب سے بڑی ذمہ داری بچوں میں نیکی پیدا کرنا ہے۔

اخبار نے لکھا کہ پروگرام کے شروع میں طاہرہ صدیقہ صاحبہ نے تلاوت قرآن کریم کی اور صوفیہ خالدہ صاحبہ نے خوش آمدید کہی۔ کالجوں اور یونیورسٹیوں کے امتحانوں میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والوں کو خلیفہ نے تمغہ جات تقسیم فرمائے۔ ملکی سطح پر کئے گئے مضمون نویسی کے مقابلہ میں کامیاب جماعت احمدیہ کوڈالی کی رؤف روبیہ کو ایوارڈ دیا ہے۔

اس طرح اسی اخبار Mathrubhumi نے اپنی 27 نومبر 2008ء کے شمارہ میں صفحہ 3 پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا انٹرویو شائع کرتے ہوئے لکھا۔ (اخبار نے حضور انور کی رنگین تصویر بھی شائع کی)

انتہاء پسندی کا سبب مذہب نہیں۔
مرزا مسرور احمد

احمدیہ خلیفہ نے اخبار ماتروبھومی (Mathrubhumi) کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں کہا کہ انتہا پسندی اور دہشت گردیوں کا سبب مذہب نہیں بلکہ مطلب پرستی ہے اور خود غرضی ہی انتہاء پسندی کا سبب ہے۔ ناانصافی کے خلاف ہی معاشرے میں ردعمل پیدا ہوتا ہے۔ لیکن جب یہ ردعمل صحیح طریق پر نہ ہو تو مطلب پرستی اس کو اپنی موافقت میں کر لیتی ہے۔ یہ سوچنے کی بات ہے کہ لوگوں میں یہ ردعمل کیوں پیدا ہوتا ہے۔ مثلاً عراق کے بہت سارے لوگ خیال کرتے ہیں کہ عراق پر حکومت امریکن سرکار کی ہے۔ یہ خیال تشدد اور انتہاء پسندی کو جنم دیتا ہے۔ ہر ملک کو دیگر ممالک کے وسائل پر نظر رکھنے کی بجائے اپنے وسائل کو وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ حکومتوں کو اپنے تنازعات کو باہم مشورے سے حل کرنا چاہئے۔

ایک ملک جب دوسرے ملک پر حملہ کرتا ہے تو حالات میں بگاڑ پیدا ہو جاتا ہے۔ ایسی صورتحال پیدا ہو تو دوسرے ممالک کو دخل دینا چاہئے۔ یہ قرآن مجید کی تعلیم ہے۔ دوسروں کے حقوق کی حفاظت کرنے سے بحران اور بےچینی دور ہو جاتی ہے۔ ایک شخص کے حقوق جب پامال کئے جاتے ہیں تو وہ اپنا ردعمل دکھاتا ہے۔ لیکن یہ کوئی ضروری نہیں کہ یہ ردعمل صحیح طریق پر ہو۔

انتہاء پسندی کے اسباب ہر ملک میں مختلف ہوتے ہیں۔ انہوں نے عالمگیریت کے بارہ میں تبصرہ کرتے ہوئے بتایا کہ زراعت کے شعبے میں حکومتوں کو زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ اس وقت شہروں کی طرف حکومتیں زیادہ توجہ دیتی ہیں۔ اس کے نتیجہ میں لوگ گاؤں کو چھوڑ کر شہروں کی طرف رخ کرتے ہیں۔ اس وجہ سے بیروزگاری پیدا ہوتی ہے۔ اس کا ایک حل زراعت کو وسعت دینا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ انسان کا پہلا حق خوراک ہوتا ہے۔ ہندوستان کا موسم ہر قسم کی زراعت کے لئے موافق ہے۔ ہندوستان اس کے لئے بہت کچھ کر رہا ہے۔

ہمارے پاس ہر قسم کے زراعت کے ماہرین موجود ہیں۔ لیکن نچلے طبقے میں کسانوں کی مدد کے لئے کوئی کارروائی نہیں ہوتی۔

تمام حکومتوں کا یہ دعویٰ ہے کہ وہ اقلیتی طبقوں کے حقوق کی حفاظت کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ اس معاملہ میں مغربی ممالک میں زیادہ نرمی پائی جاتی ہے۔ ہم وہاں اپنے منشاء کے مطابق بات کر سکتے ہیں۔ ہندوستان میں بھی جماعت کی مخالفت ہے، حال ہی میں یوپی میں سہارن پور میں احمدیوں پر حملہ ہوا۔ لیکن پولیس کی طرف سے کوئی مدد نہیں ملی۔ جب تشدد اور ظلم و ستم زیادہ ہو جاتا ہے تو انسانی حقوق کے محافظ کمیشن اور دیگر اداروں سے رابطہ کرتے ہیں لیکن ہمارا دارومدار خدا تعالیٰ پر ہے۔

مرزا مسرور احمد صاحب اپنے عقیدتمندوں سے ملنے کے لئے ہی کیرالہ آئے ہوئے ہیں۔ قادیان میں ہونے والے جلسہ سالانہ میں بھی آپ شرکت فرمائیں گے۔

غزل

پہلے اپنے پاتال تک پہنچا
جو سُخن کے کمال تک پہنچا

خواب کو جب زمیں میں رول دیا
تب کہیں وہ نہال تک پہنچا

مان بھی جائے گا کبھی نہ کبھی
شُکر ہے قیل و قال تک پہنچا

کم نظر تھا بکھر گیا ہر سُو
جب ذرا سے اُچھال تک پہنچا

رہ میں رمضاں بھی تھا مُحرّم بھی
آخر آخر شوال تک پہنچا

زندگی بھر کا عیب جو محمود
اَب کہیں اپنے حال تک پہنچا

مبشر احمد محمودؔ

مکرم حافظ احمد خان جوئیہ صاحب

ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی۔ ایک مثالی امیر

کامیاب داعی الی اللہ۔ مریضوں کے مسیحا!

جنوری 1997ء میں خاکسار کی تقرری بطور مربی دعوت الی اللہ وقف جدید میر پور خاص سندھ ہوئی۔ ناظم صاحب ارشاد نے ہدایات دیتے ہوئے فرمایا ''مکرم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب امیر ضلع ہیں نوجوان ہیں نئے نئے امیر بنے ہیں۔ جماعتی کام کرنے کا بے حد شوق ہے۔ بہت تعاون کرنے والے ہیں۔ انشاء اللہ آپ کے ساتھ سیٹ اپ بہت اچھا رہے گا''۔

واقعی آپ بے حد تعاون کرنے والے جماعتی کاموں کو شوق سے کرنے والے تھے اور دعوت الی اللہ سے بہت لگاؤ تھا اور واقعی ہمارا سیٹ اپ مثالی رہا۔ عاجز کو محترم ڈاکٹر صاحب کے ساتھ ساڑھے سات سال کام کرنے کا موقع ملا۔ یہ عرصہ خاکسار کی زندگی کا یادگار ترین دور ہے۔

مختلف سرکاری اور نجی ادارے میڈیکل رپورٹ کے لئے اپنے ایمپلائز کو آپ کی طرف ریفر کرتے اور آپ کی رپورٹ کو انتہائی اہمیت دیتے۔ آج تک ایسا نہیں ہوا کہ آپ کی رپورٹ کو کسی نے چیلنج کیا ہو۔

مرض کی تشخیص کا اللہ تعالیٰ نے آپ کو خاص ملکہ عطا فرمایا ہوا تھا۔ مختلف بیماریوں میں مبتلا مریض آتے اور شفایاب ہو کر دعائیں دیتے ہوئے جاتے۔

آپ ہمیشہ دوسروں کی تکلیف کا احساس کرتے اور اسے دور کرنے کی ہر ممکن کوشش کرتے۔ اگر کسی احمدی کا پتہ چلتا کہ وہ کسی تکلیف میں ہے تو فوراً اسے پاس بلا لیتے یا خود اس کے پاس چلے جاتے اور اس کا مسئلہ حل کر کے چین لیتے۔

وسعت حوصلہ آپ کے اندر کمال کا تھا اور بلند عزم و ہمت کے مالک تھے۔ اپنے خلاف بات سننے کا وسیع حوصلہ تھا۔ اگر کوئی مریض شکایت کرتا تو بڑے حوصلہ سے اس کی شکایت سنتے اور اس کا ازالہ کرتے۔ انتہائی خدا ترس اور غریب پرور انسان تھے اور عاجزانہ راہوں پر چلنے والے تھے۔ آپ کے والد محترم ڈاکٹر عبدالرحمن صدیقی صاحب مرحوم و مغفور چونکہ حضرت مصلح موعود کے ارشاد پر یہاں میر پور خاص تشریف لائے تھے اس لئے آپ نے اپنے ہسپتال کا نام فضل عمر کلینک رکھا۔ جس کو محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب نے شب و روز محنت اور خلفاء اور بزرگان کی دعاؤں سے فضل عمر ہسپتال بنا دیا۔ یہ ہسپتال محترم ڈاکٹر عبدالرحمن صاحب کے وقت سے ہی دراصل ایک دائرۃ الخدمت الانسانیہ کے طور پر چل رہا تھا جسے محترم ڈاکٹر صاحب نے ایک نئی شان بخشی۔ میں نے کئی ایسے مریضوں کو دیکھا جو کہ محترم ڈاکٹر عبدالرحمن صدیقی صاحب کے وقت سے مستقل مفت علاج کروا رہے تھے جس مریض نے بھی آ کر یہ کہا کہ مجھے آپ کے والد صاحب مفت چیک کرتے تھے تو آپ نے اسے فری چیک کیا۔ کسی نے آ کر کہا کہ مجھے تو آپ کے والد صاحب مفت ادویات دیا کرتے تھے تو آپ نے اس کو مفت ادویات دیں۔ کسی نے اگر یہ کہا کہ ہمیں تو ڈاکٹر صاحب مرحوم ساتھ کرایہ کے پیسے بھی دیتے تھے تو آپ نے اسے کرایہ کے پیسے بھی دے دیئے۔

آپ نے خدمت انسانیت کے دائرہ کو بہت ہی وسعت بخشی۔ میڈیکل کیمپ ہر ماہ لگاتے۔ جس کے لئے آپ نے ایک بہترین ٹیم تیار کر لی تھی۔ جس علاقہ میں میڈیکل کیمپ لگانا ہوتا تھا سب سے پہلے تو اس علاقے کے بااثر زمیندار کے ساتھ رابطہ کر کے ان کا تعاون حاصل کیا جاتا تھا جس سے محض اللہ کے فضل سے کیمپ کامیاب ہوتا۔ ایک مرتبہ ایک جگہ میڈیکل کیمپ لگایا گیا تو کسی طرح اس علاقے کے ایک مخالف کو پتہ چل گیا اس نے علاقے میں بہت شور ڈالا اور لوگوں کو کیمپ میں آنے سے روکا۔ لیکن وہاں کے بااثر زمیندار نے جو کہ ڈاکٹر صاحب کے دوست تھے، حالات کو خود کنٹرول کیا اور مخالف کو روکا اور اللہ کے فضل سے یہ کیمپ بہت ہی کامیاب رہا اور لوگ بھی کثرت سے آئے۔ اس مخالف کے شور ڈالنے کا اثر یہ ہوا کہ اگلے دن اس علاقے کے 2 نوجوان جو کہ ایک تو کلہوڑہ اور دوسرے کا مینگل قبیلے سے تعلق تھا ڈاکٹر صاحب سے ملاقات کے لئے تشریف لائے۔ کہنے لگے کہ ہم آپ کے اخلاق اور خدمت خلق کے جذبہ سے بہت متاثر ہوئے ہیں۔ ہم نے مخالف سے سوال کیا کہ کبھی آپ نے بھی اس طرح کا خدمت انسانیت کا سوچا ہے؟ ڈاکٹر صاحب کا جو بھی مذہب ہے وہ خدمت انسانیت تو کر رہے ہیں۔ غریبوں کو فری دوائی دے رہے ہیں۔ تم نے کون سی خدمت کی ہے۔

ڈاکٹر صاحب ان کی باتیں سن کر بے حد محظوظ ہوئے اور مطمئن ہوئے اور میڈیکل کیمپس کو وسیع کرنے کا فیصلہ کیا۔ بعد میں ان 2 نوجوانوں کے ساتھ بہت گہرے اور مضبوط تعلقات قائم ہو گئے۔

بعد میں اسی علاقے میں محترم ڈاکٹر صاحب نے سندھی شعراء کا پروگرام رکھا جس کا انتظام آپ کے ایک دوست نے کیا جو کہ MTA کی ٹیم نے فلم بند کیا اور بعد میں MTA کی زینت بنا۔ محترم ڈاکٹر صاحب اس پروگرام کے مہمان خصوصی تھے۔ اس پروگرام سے شعراء کے علاوہ پڑھے لکھے نوجوانوں کے ساتھ تعلقات اور رابطوں میں وسعت پیدا ہوئی۔ ان میڈیکل کیمپس کے ذریعہ ہزاروں لوگوں اور خاص طور پر پڑھے لکھے نوجوان زمینداروں اور وڈیروں کے ساتھ بہت اچھے دوستانہ تعلقات قائم ہو گئے۔ محترم ڈاکٹر صاحب کے ساتھ جو بھی ایک مرتبہ ملاقات کر لیتا اس کے اندر ایک خاص تبدیلی پیدا ہو جاتی اور دوبارہ ملاقات کی خواہش کرتا بلکہ کوشش کر کے آتے اور ملاقات کرتے اور ڈاکٹر صاحب کو اپنے پاس آنے کی دعوت دیتے اور اکثر ڈاکٹر صاحب اس قسم کی دعوتوں پر محض دعوت الی اللہ کے لئے تعلقات کو وسیع کرنے کے لئے ضرور جاتے اور پھر انہیں دعوت دے کر آتے۔

اس طرح رابطوں میں وسعت پیدا ہوتی چلی جاتی۔

نومبائعین کے ساتھ اور خاص طور پر غریب نومبائعین کے ساتھ حسن سلوک کے بھی بہت سے واقعات ہیں۔ ایک مرتبہ آپ گاڑی پر اپنے ہسپتال جا رہے تھے تو سول ہسپتال میر پور کے قریب کچھ نومبائعین کو پریشانی کے عالم میں کھڑا دیکھا تو فوراً گاڑی روک کر ان کو اپنی طرف بلایا اور پوچھا کہ کیوں کھڑے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ بچے کو نمونیہ ہو گیا ہے۔ حالت بہت خراب ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے فرمایا کہ فوراً بچے کو لے کر میرے پاس آ جائیں۔ جب یہ پہنچے تو فوراً بچے کو داخل کر کے علاج شروع کر دیا۔ محض اللہ کے فضل سے چند دنوں میں بچہ بالکل ٹھیک ہو گیا۔ ڈاکٹر صاحب نے ان سے کوئی پیسہ نہیں لیا اور نہ ہی ہسپتال کے چارجز وصول کئے۔

آپ ایک مثالی امیر تھے۔ میر پور خاص ایک وسیع ضلع ہے۔ جس میں جماعتی لحاظ سے عمر کوٹ کا ضلع بھی شامل ہے۔ جس میں 35 سے زائد جماعتیں ہیں۔ بعض جماعتیں میر پور سے 100 کلومیٹر سے بھی زائد فاصلہ پر ہیں۔

محترم ڈاکٹر صاحب کا ضلع کی ہر جماعت کے ساتھ ایک قریبی تعلق تھا۔ بلکہ ہر جماعت کے ہر ایک فرد کے ساتھ آپ کا ذاتی تعلق تھا۔ ہر احمدی یہی خیال کرتا کہ ڈاکٹر صاحب کے ساتھ میرا بہت اچھا تعلق ہے اور ہر ایک یہی کہتا کہ بس ڈاکٹر تو میرے ہیں۔ ہر جماعت کے صدر اور اراکین عاملہ کے ساتھ گہرا رابطہ ہوتا تھا۔ جماعت کے ہر فرد کے لئے آپ کے گھر، دفتر اور ہسپتال کے دروازے ہر وقت کھلے ہوتے اور جو احمدی ملاقات کرنا چاہتا ڈاکٹر صاحب کو ملاقات کے لئے تیار پاتا اور بلا روک ٹوک آپ کے پاس آ کر ملاقات کر سکتا تھا۔

ہر ہفتے کسی نہ کسی جماعت کا دورہ رکھتے تھے اور اکثر نماز فجر اس جماعت میں جا کر ادا کرتے۔ سفر میں نیند پوری کرتے یا پھر ایمان افروز واقعات سنتے اور سناتے یا پھر دعوت الی اللہ اور جماعتی تربیت کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتے اور مشورہ کرتے۔

اس جماعت کی مجلس عاملہ کے ساتھ میٹنگ کرتے مرکزی اور ضلعی امور کے متعلق ہدایات دیتے لیکن سب سے اولیت نماز باجماعت اور دعوت الی اللہ کو دیتے۔ محترم ڈاکٹر صاحب کا سن کر بہت سے احمدی اور غیر احمدی بھی ملاقات کے لئے جمع ہو جاتے۔ ڈاکٹر صاحب فرداً فرداً ہر ایک کو وقت دیتے۔ مریضوں کو بھی چیک کرتے اور نسخہ تجویز فرماتے اگر کوئی زیادہ بیمار ہوتا تو اس کو ہسپتال میں آنے کا مشورہ دیتے۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کے وقت میں غیر معمولی برکت رکھی ہوئی تھی۔ بعض اوقات ہم زیادہ لوگوں کو دیکھ کر گھبرا جاتے کہ ڈاکٹر صاحب نے واپس ہسپتال بھی پہنچنا ہے۔ لیکن آپ بالکل نہ گھبراتے اور تمام مریضوں کو دیکھتے۔ ہر ایک سے ملتے ہر ایک کی بات سنتے ان کو مشورہ دیتے اور ان کا مسئلہ حل کرتے۔ آپ کے ساتھ سفر بہت خوشگوار گزرتا۔ سفر میں کسی اچھی جگہ رک کر ریفریشمنٹ ضرور کرواتے۔

ہر ماہ باقاعدگی سے ضلعی عاملہ کی میٹنگ ہوتی تھی اور اراکین عاملہ بڑے شوق اور محبت سے میٹنگ میں شامل ہوتے تھے۔ محترم ڈاکٹر صاحب ممبران کی خوب مہمان نوازی کرتے تھے۔ بعض اوقات سپیشل رات کی میٹنگ رکھتے جس میں باربی کیو کا پروگرام ہوتا اور خوب ضیافت بجتی۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو بہت سی خوبیوں سے نوازا ہوا تھا۔ ان میں سے مہمان نوازی کا وصف بہت ہی اعلیٰ درجہ کا تھا۔ اس کے ساتھ جب آپ کی مسکراہٹ، محبت، شفقت پیار خلوص اور پاکیزہ مزاح شامل ہوتا تھا تو پھر اس دعوت اور میٹنگ کی خوشیاں دوبالا ہو جاتیں۔

ہر سال عاملہ کی پکنک کا پروگرام ہوتا جس میں آپ بھرپور انداز میں شامل ہوتے۔ اراکین عاملہ کو محبت کی لڑی میں پرویا ہوا تھا۔ آپ کے اندر کا حسن آپ کے ہر عمل سے عیاں ہوتا تھا۔

عاجز کو یہاں مرکز اور دیگر اضلاع میں بعض میٹنگز میں شمولیت کی توفیق ملی ہے۔ اکثر میٹنگز میں دعوت الی اللہ کے حوالہ سے محترم ڈاکٹر صاحب کو بطور مثال کے پیش کیا جاتا تھا۔

خلفا سے محبت وعقیدت

آپ کو خلفاء احمدیت سے بے انتہا محبت و عقیدت تھی۔ اطاعت و فرمانبرداری کا اعلیٰ نمونہ تھے۔ ہر سال جلسہ سالانہ لندن میں بمع فیملی شمولیت اختیار کرتے اور اپنے پیارے امام سے شرف ملاقات پاتے۔

MTA پر براہ راست خطبہ جمعہ دیکھنے اور سننے کے لئے خاص اہتمام فرماتے۔ اکثر اپنے دوستوں کو خصوصی طور پر دعوت دیتے تھے۔ آپ کے دوستوں میں ڈاکٹرز، وکلاء، تاجر، زمیندار اور ٹیچرز، پروفیسرز وغیرہ شامل تھے۔ آنے والے مہمانوں کی خوب مہمان نوازی کرتے۔ آپ کے گھر والے اس خدمت کے

لئے ہمہ وقت تیار ہوتے اور مہمان نوازی میں کوئی بھی دقیقہ فروگزاشت نہ کرتے۔ جب مہمان زیادہ آتے بہت ہی خوشی کا اظہار کرتے اور خاکسار کو بھی بلاتے اور مہمانوں کے ساتھ تعارف کرواتے۔

کامیاب داعی الی اللہ

ہر 15 دن بعد مشاورتی کمیٹی کی میٹنگ لیتے بلکہ بعض اوقات تو ہر ہفتے ہماری میٹنگ ہوا کرتی تھی جس میں گزشتہ کام کا جائزہ لیا جاتا اور آئندہ کے لئے لائحہ عمل تیار کیا جاتا تھا۔ تینوں تنظیموں کے وفود تشکیل پاتے، 2 دن خدام، 2 دن انصار اور 2 دن لجنہ کے لئے ہوتے۔ وفود کی تیاری میں خصوصی دلچسپی لیتے۔ اکثر دعا کے ساتھ روانہ کرتے اور عموماً شام کو وفود کی رپورٹ لینے کے لئے بیتاب ہوتے داعیان کی خوب حوصلہ افزائی فرماتے۔ ان سے دلچسپ اور ایمان افروز واقعات سن کر بہت خوشی کا اظہار فرماتے۔ وفود کے لئے گاڑی کی ضرورت ہوتی تو اپنی گاڑی پیش فرما دیتے بعض اوقات سپیشل گاڑی کا خود انتظام کروا کر دیتے۔ خاکسار کو فرماتے کہ حافظ صاحب میرا بھی ہر ماہ کم ازکم ایک پروگرام ضرور رکھا کریں۔ پروگرام کے مطابق آپ اپنی فیملی کے ساتھ تشریف لے جاتے۔ ایک مرتبہ آپ مع فیملی کے ایک گوٹھ میں تشریف لے گئے۔ اس گوٹھ کے چند افراد احمدیت میں شامل ہو چکے تھے لیکن ابھی وہاں نماز باجماعت کا انتظام نہیں ہوا تھا۔ نماز کا وقت ہوگیا۔ تو آپ کا بیٹا اسامہ کہنے لگا کہ آئندہ جب بھی دعوت الی اللہ کے لئے آئیں گے تو جائے نماز ضرور ساتھ لے کر آنی ہے۔ تاکہ ہم لوگ ان کو ساتھ ملا کر نماز باجماعت ادا کرسکیں۔ اسامہ کی اس تجویز پر ڈاکٹر صاحب بہت خوش ہوئے اور بار بار اس کا تذکرہ ہوتا رہا۔

آپ اپنے دوستوں کے ساتھ مربیان کا تعارف کرواتے اور فرماتے کہ ان سے ملنے کے لئے ان کی گوٹھ ضرور جایا کریں۔ ایک تو ان کے ساتھ رابطہ ہو جائے گا اور ان کے ذریعہ سے ان کے دیگر رشتہ داروں اور تعلق رکھنے والوں کے ساتھ نئے رابطے ہو جائیں گے۔ جب ہم لوگ ان زمینداروں کے پاس جاتے تو یہ لوگ محترم ڈاکٹر صاحب کی وجہ سے بے حد احترام کرتے۔ اس طرح اللہ کے فضل سے ہمارے رابطے وسیع ہوتے چلے گئے۔

مکرم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی صاحب مرحوم کے سندھ کے اہم سیاسی راہنما وڈیروں اور بااثر زمینداروں کے ساتھ بہت اچھے تعلقات تھے۔ مکرم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب نے نہ صرف ان تعلقات کو قائم رکھا بلکہ ان کو مزید وسیع کیا۔ عیدین کے موقعہ پر آپ ایک وفد تشکیل دیتے۔ جس میں خاکسار کے علاوہ مکرم چوہدری نور احمد صاحب سابق امیر ضلع میر پور خاص، مکرم سیف علی شاہد صاحب، مکرم مرزا مبارک احمد صاحب شامل ہوتے۔ عید کے دن اور اس سے اگلے دن ہم ان اہم راہنماؤں سے ملاقات کے لئے جاتے اور عید کی مبارکباد پیش کرتے یہ لوگ محترم ڈاکٹر صاحب کا بے حد احترام کرتے۔ محترم ڈاکٹر صاحب وہاں ایک احمدی جماعت کے وفد کے طور پر تعارف کرواتے۔

ان اہم لوگوں میں سے سب سے زیادہ قریبی تعلق آپ کا محترم محمد خان جونیجو صاحب سابق وزیراعظم پاکستان کی فیملی کے ساتھ تھا اور یہ آپ کے والد صاحب سے تعلق چلا آرہا تھا۔ آپ ان کے فیملی ڈاکٹر تھے۔ محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب کا بھی اس فیملی کے ساتھ ایک گہرا تعلق قائم ہوا مکرم محمد خان جونیجو مرحوم کے بیٹے مکرم اسد جونیجو صاحب سابق MNA محترم ڈاکٹر صاحب کا بے حد احترام کرتے۔ ایک دن ڈاکٹر صاحب بتانے لگے کہ آپ مکرم محمد خان صاحب جونیجو مرحوم کی والدہ کا چیک اپ کرنے ان کے گھر واقع سندھڑی تشریف لے گئے۔ (سندھڑی میر پور خاص سے جانب شمال مشرق 25 کلومیٹر فاصلہ پر ہے) مکرم اسد جونیجو صاحب بھی اپنی دادی کے پاس موجود تھے۔ جب محترم ڈاکٹر صاحب چیک اپ وغیرہ سے فارغ ہوئے۔ تو محترم محمد خان صاحب جونیجو کی والدہ صاحبہ نے محترم ڈاکٹر عبدالمنان صاحب کا ہاتھ پکڑا اور پھر اپنے پوتے مکرم اسد جونیجو صاحب کے ہاتھ میں تھماتے ہوئے کہا کہ ''اسد منان کو کبھی نہ چھوڑنا''۔

ہومیوپیتھی میں دلچسپی کا آغاز

ایک دن خاکسار آپ کے ہسپتال گیا تو ڈاکٹر صاحب خاکسار کو دیکھ کر بہت خوش ہوئے فرمانے لگے حافظ صاحب بہت اچھا ہوا کہ آپ آگئے۔ فرمانے لگے کہ ایک نوجوان مریضہ ہے جس کی انتڑیوں سے بلیڈنگ ہورہی ہے اور رک نہیں رہی۔ اب میں سوچ رہا تھا کہ انہیں حیدرآباد ریفر کردوں لیکن خطرہ ہے شائد مریضہ وہاں نہ پہنچ سکے۔ اگر آپ کے علم میں حضور کا کوئی ہومیوپیتھی نسخہ ہے تو بتائیں۔ خاکسار نے ایک نسخہ بتایا اور کہا کہ 10,10 منٹ کے وقفہ سے دیں۔ محض اللہ کے فضل سے صرف 3 خوراکوں سے ہی بلیڈنگ رک گئی۔ ڈاکٹر صاحب بہت خوش ہوئے اور حیران بھی۔ کہنے لگے حافظ صاحب کمال ہوگیا بلیڈنگ بالکل رک گئی ہے۔ مجھے اندازہ نہیں تھا کہ ہومیوپیتھی اتنا فوری اثر بھی دکھاتی ہے۔ آپ نے فوراً مکرم مرزا مبارک احمد صاحب (جو کہ آپ کے ساتھ کام کرتے تھے اور ہسپتال کا انتظام سنبھالتے تھے) کو فرمایا کہ حافظ صاحب سے مل کر اہم ادویات کی فہرست بنا کر یہاں ہسپتال میں رکھیں۔

اس طرح آپ کو ہومیوپیتھی میں دلچسپی پیدا ہوئی اور پھر آپ نے اس میں باقاعدہ کورس کیا اور DHMS کی ڈگری حاصل کی۔ آپ خود بھی اور آپ کے گھر والے اکثر چھوٹی موٹی تکلیف کے لئے ہومیو دوائی استعمال کرتے۔

وسع مکانک

میر پور خاص سیٹلائٹ ٹاؤن میں ایک وسیع ہال اور خوبصورت گیسٹ ہاؤس اور مربی ہاؤس کی تعمیر آپ کا ایسا کارنامہ ہے جو میر پور خاص کی تاریخ میں سنہری حروف میں لکھا جائے گا۔

میر پور خاص محلّہ ڈھولن آباد میں مکرم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب صدیقی مرحوم کے دور میں ایک بیت الذکر تعمیر کی گئی تھی لیکن جماعت کی روز افزوں ترقی کے باعث اب ضرورت محسوس کی جارہی تھی کہ جماعت کی ضروریات کے پیش نظر ایک وسیع ہال اور گیسٹ ہاؤس تعمیر کیا جائے۔ چنانچہ آپ کے دور میں یہ خوبصورت اور وسیع ہال اور گیسٹ ہاؤس اور مربی ہاؤس تعمیر ہوا۔

آپ نے میر پور خاص ضلع کو میر پور کے علاوہ 4 حلقوں میں تقسیم کیا ہوا تھا اور ہر حلقہ کا نگران نائب امیر ہوتا تھا۔ 1۔حلقہ کنری۔ 2۔حلقہ نبی سر روڈ۔ 3۔حلقہ نصرت آباد۔ 4۔حلقہ ڈگری

مربیان اور معلمین اور مرکز سے آنے والے تمام مہمانوں کا بے حد احترام کرتے۔ مربیان اور معلمین کے ساتھ خاص طور پر بھرپور تعاون فرماتے۔

عیدین کے موقعہ پر محترم ڈاکٹر صاحب کی ذاتی کوشش سے غربا کے لئے نیز خاص طور پر رمضان المبارک میں غربا کے لئے بہت سا راشن اکٹھا کیا جاتا تھا۔ خاکسار کی بیگم صاحبہ بتاتی ہیں کہ انہوں نے آپ کی بیگم صاحبہ اور امی جان (والدہ محترم ڈاکٹر صاحبہ) کو دیکھا کہ باوجود کمزوری کے سارا دن کھڑے ہو کر اپنی نگرانی میں غربا کے لئے پیکٹ تیار کرواتی رہیں۔ ان پیکٹس میں 2 کلو چینی، 1 کلو آئل، 2 کلو چاول، ایک پیکٹ چائے، سویاں، آٹا، دالیں، صابن وغیرہ۔ یہ کم ازکم 15 تا 20 کلو کا بیگ تیار ہوتا تھا جو غربا میں نہ صرف میر پور خاص بلکہ دیگر جماعتوں میں غربا کے لئے بھجوایا جاتا تھا اور پھر باقاعدہ اس کی رپورٹ لیتے تھے۔

چند دن قبل خاکسار محترم ڈاکٹر صاحب کے مقبرہ پر دعا کے لئے گیا۔ محترمہ امی جان صاحبہ (والدہ محترمہ ڈاکٹر صاحب) نے عاجز کی ڈیوٹی لگائی تھی کہ ڈاکٹر صاحب کے مقبرہ پر 40 دن تک دعا کے لئے ضرور جاتے رہیں تو جب خاکسار دعا سے فارغ ہوا تو ایک نوجوان بھی وہاں دعا کر رہا تھا جب وہ فارغ ہوا تو خاکسار نے دریافت کیا کہ آپ کا ڈاکٹر صاحب کے ساتھ کیا تعلق تھا تو وہ نوجوان بتانے لگے کہ میرا ذاتی طور پر تو کوئی تعلق نہ تھا لیکن جب آپ کا جنازہ ربوہ آیا تھا تو جو عظیم الشان آپ کا استقبال ہوا اس طرح کا استقبال میں نے پہلے کبھی نہیں دیکھا اور ہر احمدی کو میں نے ان کی تعریف کرتے ہوئے دیکھا۔ تو میں نے محسوس کیا کہ یہ تو بہت ہی کوئی عظیم انسان ہے۔ تو جب بھی میں اپنے والد صاحب کی قبر پہ آتا ہوں تو میں یہاں محترم ڈاکٹر صاحب کے مقبرہ پر ضرور دعا کرنے آتا ہوں۔

انفاق کے مصارف

وہ تجھ سے پوچھتے ہیں کہ وہ کیا خرچ کریں۔ تو کہہ دے کہ تم (اپنے) مال میں سے جو کچھ بھی خرچ کرنا چاہو تو والدین کی خاطر کرو اور اقرباء کی خاطر اور یتیموں کی خاطر اور مسکینوں کی خاطر اور مسافروں کی خاطر اور جو نیکی بھی تم کرو تو اللہ یقیناً اس کا خوب علم رکھتا ہے۔ (البقرہ:216)

صدقات تو محض محتاجوں اور مسکینوں اور ان (صدقات) کا انتظام کرنے والوں اور جن کی تالیف قلب کی جارہی ہو اور گردنوں کو آزاد کرانے اور چٹی میں مبتلا لوگوں اور اللہ کی راہ میں عمومی خرچ کرنے اور مسافروں کے لئے ہیں۔ یہ اللہ کی طرف سے ایک فرض ہے اور اللہ دائمی علم رکھنے والا (اور) بہت حکمت والا ہے۔ (التوبہ:60)

اور قرابت دار کو اس کا حق دے اور مسکین کو بھی اور مسافر کو بھی مگر فضول خرچی نہ کر۔ (بنی اسرائیل:27)

پس جہاں تک یتیم کا تعلق ہے تو اس پر سختی نہ کر۔
اور جہاں تک سوالی کا تعلق ہے تو اسے مت جھڑک۔
(الضحیٰ:11,10)

(یہ خرچ) ان ضرورت مندوں کی خاطر ہے جو خدا کی راہ میں محصور کر دیئے گئے (اور) وہ زمین میں چلنے پھرنے کی طاقت نہیں رکھتے۔ ایک لاعلم (ان کے) سوال سے بچنے (کی عادت) کی وجہ سے انہیں متمول سمجھتا ہے۔ (لیکن) تو ان کے آثار سے ان کو پہچانتا ہے۔ وہ پیچھے پڑ کر لوگوں سے نہیں مانگتے۔ اور جو کچھ بھی تم مال میں سے خرچ کرو تو اللہ اس کو خوب جانتا ہے۔ (البقرہ:274)

اور وہ لوگ جن کے اموال میں ایک معین حق ہے۔ مانگنے والے کے لئے اور محروم کے لئے۔
(المعارج:26,25)

اور ان کے اموال میں سوال کرنے والوں اور بے سوال ضرورت مندوں کے لئے ایک حق تھا۔
(الذاریات:20)

تاکہ وہ وہاں پر اپنے فوائد کا مشاہدہ کرسکیں اور چند معروف دنوں میں اللہ کے نام کا ذکر (بلند) کریں اس (احسان) پر کہ اس نے مویشی چوپایوں کے ذریعہ انہیں رزق عطا کیا ہے۔ پس ان میں سے (خود بھی) کھاؤ اور محتاج ناداروں کو بھی کھلاؤ۔ (الحج:29)

پس وہ عقبہ پر نہیں چڑھا۔
